Rs. 3/-

شہریوں کے جان و مال کی حفاظت، مذہب اور اظہار رائے کی آزادی، اور مذہبی تعلیمی اداروں کے قیام کے حق کے حصول کیلئے

جمعیۃ علماء ہند کے زیر اہتمام

ہفت روزہ

الجمعیۃ

نئی دہلی

جلد ۵۱ شمارہ ۴۱ ۱۱ تا ۱۷ اکتوبر ۲۰۰۲ء ۴ تا ۱۰ شعبان المعظم ۱۴۲۳ھ

ملک و ملّت بچاؤ تحریک

فرقہ پرست عناصر کی یہ بوکھلاہٹ کیوں؟

ملک و ملت بچاؤ تحریک شروع ہوچکی ہے اور انشاء اللہ اس وقت تک جاری رہے گی جب تک اندھی، گونگی اور بہری باجپئی حکومت یا تو راہ راست پر آجائے اور یا پھر وہ اپنے انجام کو پہونچ جائے —— محمد سالم جامعی

آر ایس ایس کا دعویٰ سراسر جھوٹ، ہندستان کا ہر رہنے والا ہندستانی ہے، نہ کہ ہندو!

امیر الہند حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ کا بیان

بلقان یوروپ کا افغانستان

اسرائیل کی خفیہ ایجنسی "موساد" کی شرانگیز رپورٹ

عربوں، کردشیائیوں اور موساد کو ہمیشہ اپنے ثبوتوں کی تلاش رہتی ہے جن سے مسلمانوں کا ملوث ہونا ثابت کیا جاسکے، چاہے وہ کہیں کے ہوں۔

(الصحیح ۱۵۰۰)

اٹلی دعوت اسلامی کے امکانات

ہفت روزہ الجمعیۃ نئی دہلی

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

دُھتکار ریلی خود مایاوتی کیلئے دُھتکار بن گئی

۲۸ ستمبر کو بی ایس پی کی دھتکار ریلی کے بعد لکھنؤ کے چارباغ اسٹیشن پر بیس قیمتی جانوں کے اتلاف کا جو دردناک حادثہ پیش آیا ہے وہ بلاشبہ غم و اندوہ سے بھرپور انتہائی شرمناک واقعہ ہے۔ ریلی سے واپس لوٹنے والی بھیڑ جو لاکھوں افراد پر مشتمل تھی جیسے ہی لکھنؤ کے چارباغ ریلوے اسٹیشن پر پہنچی تو دیکھتے ہی دیکھتے وہ سب کچھ ہو گیا جس کا ریلی بلانے والوں اور ریلی میں آنے والوں کے خواب و خیال میں بھی نہیں تھا۔

دھتکار ریلی مایاوتی اور ان کی بی ایس پی نے کس مقصد کے تحت بلائی تھی اور اس ریلی کا جواز کیا تھا جبکہ خود مایاوتی ریاست کی وزارت علیا کی کرسی پر بیٹھی ہوئی ہیں یہ ہمارا آج کا موضوع نہیں ہے ہمارا سوال تو صرف یہ ہے کہ جب انھوں نے اتنی بڑی تعداد میں لوگوں کو لکھنؤ آنے کی کال دی تھی ان کی واپسی کے لیے انھوں نے کیا لائحہ عمل تیار کیا تھا۔

کسی بھی بڑے اجلاس، اجتماع، کانفرنس یا ریلی کے انعقاد سے پہلے اس کا ایک مکمل خاکہ تیار کیا جاتا ہے۔ خاص طور پر لوگوں کی بعافیت واپسی کو یقینی بنانے کے لیے ذرائع سفر کا جائزہ لیا جانا ضروری ہوتا ہے، اس لیے کہ یہ سب کو معلوم ہے کہ ریلیوں، کانفرنسوں اور اجتماعات میں لوگوں کی آمد متفرق طور پر کئی دن پہلے سے شروع ہو جاتی ہے جبکہ مقصد اور ریلی وغیرہ سے فراغت کے بعد گھر واپسی کی ہر ایک کو جلدی ہوتی ہے اور ہر کوئی چاہتا ہے کہ وہ اول فرصت اور پہلی سواری سے گھر پہنچ جائے۔ اسی لیے ضروری سمجھا جاتا ہے کہ واپسی کے انتظامات کا گہرائی کے ساتھ جائزہ لیا جائے مگر یہ بات افسوس کے ساتھ ہی نوٹ کی جائے گی کہ مس مایاوتی نے جو ہندوستان کے سب سے بڑے صوبہ کی وزیر اعلیٰ بھی ہیں اس طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ ریلی کے منتظمین نے نہ لوگوں کی واپسی کا کوئی ٹائم ٹیبل طے کیا نہ واپسی کے لیے کوئی مناسب ہدایت دی گئی اور نہ ہی ریلوے اور یوپی روڈویز کے ذمہ داروں سے اس سلسلہ میں کوئی تبادلہ خیال کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ جلد بازی اور بھگدڑ میں بیس لوگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور نصف صد کے قریب لوگ شہر کے مختلف اسپتالوں میں موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔

اب سوال یہ ہے کہ اس المناک حادثہ کا ذمہ دار کون ہے۔ ریاستی حکومت اور اس کی وزیر اعلیٰ مایاوتی، ریلی کے منتظمین، ریلوے اسٹیشن کے افسران یا وہ صوبائی افسران جو مایاوتی کی خوشنودی حاصل کرنے کی بھاگ دوڑ میں یہی بھول گئے کہ پانچ لاکھ کی یہ بھیڑ آخر کیسے اپنے گھروں کو لوٹے گی۔

مس مایاوتی اور ان کی حکومت نے اس حادثہ پر جس طرح سردمہری دکھائی ہے اس نے مایاوتی کے دلت پریم کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔ ایک طرف تو چارباغ اسٹیشن پر لاکھوں لوگوں کو موت اپنے پنجہ میں دبوچنے کے لیے بے تاب تھی جن میں سے دو درجن کے قریب اس کا شکار بھی ہو گئے اور دوسری طرف مس مایاوتی اپنے نئے آقا لال کرشن اڈوانی کے تلوے چاٹنے میں مصروف تھیں۔ انھوں نے بروقت اطلاع ملنے کے باوجود اسٹیشن پر جا کر مرنے والے اور زخمی ہونے والے دلتوں کو دیکھنا تک گوارا نہیں کیا بلکہ وہ اڈوانی جی کے ساتھ ساتھ دہلی کے لیے پرواز کر گئیں تاکہ ریلی میں اڈوانی جی مہاشے کی تعریف کے جو پل مایاوتی نے باندھے تھے ان کا کوئی نقد صلہ وصول کر سکیں اس لیے کہ مایاوتی کو دلتوں سے کیا لینا دینا ہے وہ تو انتخاب میں صرف بطور زینہ استعمال ہونے والی ایک لاحاصل چیز بن کر رہ گئے ہیں۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وزیر اعلیٰ مایاوتی غالباً اس حادثہ کے سلسلہ میں اپنی تمام تر لاپرواہیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے اس کا تمام الزام ریلوے افسران کے سر ڈال دینا چاہتی ہیں۔ انھوں نے اس حادثہ کی جانچ کے لیے جو انکوائری کمیٹی بنائی تھی اس نے اپنی ابتدائی رپورٹ میں ریلوے انکوائری کے ذریعہ اس اعلان کو اس بھگدڑ کا ذمہ دار قرار دیا ہے جو ٹرینوں کے لیے پلیٹ فارم بدلے جانے کے سلسلہ میں کیا گیا تھا۔ جس وقت یہ حادثہ پیش آیا اس وقت لکھنؤ اسٹیشن پر دو ٹرینیں آنے والی تھیں۔ ایک سدبھاونا ایکسپریس اور دوسری انٹرسٹی ایکسپریس۔ ان میں سے انٹرسٹی ایکسپریس اکثر و بیشتر پانچ یا چھ نمبر پلیٹ فارم پر آتی ہے جبکہ سدبھاونا ایکسپریس اکثر پلیٹ فارم نمبر دو پر آتی ہے۔ ان ٹرینوں کی آمد سے کچھ ہی دیر پہلے انکوائری آفس سے ان دونوں ٹرینوں کے پلیٹ فارم تبدیل ہو جانے کا اعلان کیا گیا جس کی وجہ سے لاکھوں کی تعداد میں موجود بے سری دلت فوج گاڑی میں پہلے جگہ پانے کی خاطر اعلان شدہ پلیٹ فارموں کی طرف بھاگ پڑی۔ اسی دوران سیڑھیوں سے اترتے ہوئے کسی کا پیر پھسل گیا جو بعد میں سیکڑوں لوگوں کے گر جانے، دب جانے اور کچلے جانے کا سبب بن گیا۔

پہنچنے سے کچھ گاڑی کے عین وقت پر اس طرح کا اعلان بہت سوچ سمجھ کر کیا جانا چاہیے تھا لیکن کیا یہ ریاستی حکومت اور ریلی کے منتظمین کی ذمہ داری نہیں تھی کہ وہ ریلوے افسران کے ساتھ پہلے میٹنگ کر کے اس بات کو یقینی بنائے کہ ریلی میں آئے ہوئے لوگوں کو گاڑی میں سوار ہونے میں کوئی دقت نہ ہو۔ ریلوے کے محکمہ نے اپنی ذمہ داری محسوس کرتے ہوئے گاڑیوں میں اضافی کوچ بھی لگائے اور مختلف اطراف میں آٹھ اسپیشل گاڑیاں بھی چلائیں مگر وہ ان لاکھوں کی بھیڑ کو آخر کیسے کنٹرول کرتے جو ایک دوسرے سے پہلے اپنے گھر جانے کے لیے بیتاب تھی۔

ہمارے خیال میں ملک میں ریلیوں کا جو رواج ان دنوں چل نکلا ہے اسے ختم کرنے کے لیے کوئی ضابطہ اخلاق مرتب کیا جانا چاہیے اور یہ طے کیا جانا چاہیے کہ اس طرح کی سیاسی ریلیوں میں کتنے لوگوں کو شریک کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی پارٹیاں [illegible] لوگوں کو شرکت کے لیے کال دے دیتی ہیں اور پھر اپنا مقصد نکال کر انھیں بے سہارا چھوڑ دیتی ہیں [illegible] یہ ہے کہ ریلی بلانے والی پارٹیوں سے اجازت دینے سے پہلے یہ وضاحت مانگی جائے کہ ان کی ریلی میں کتنے لوگ آئیں گے اور ان کے آنے کا ذریعہ کیا ہوگا۔ اور اگر وہ ٹرین سے آنے والے ہوں تو ان کے لیے علیحدہ گاڑی کا کرایہ وصول کر کے اسپیشل ٹرین چلائی جائیں تاکہ روز مرہ یا پہلے سے ریزرو کرا کے سفر کرنے والے لوگ ریلی کے بے ٹکٹ سفر کرنے والے لوگوں کی درندگی سے محفوظ رہ سکیں۔

ہمیں اس سے انکار نہیں کہ جمہوریت میں اپنے حقوق کے لیے جدوجہد اور اس کے لیے جلسے جلوس اور ریلیوں کا انعقاد وغیرہ ہر پارٹی کا حق ہے لیکن اس حقیقت سے بھی انکار ممکن نہیں ہے کہ اپنے حقوق کے حصول کے لیے دوسروں کے حقوق کو پامال کرنا بھی ہرگز جمہوریت کا حصہ نہیں ہو سکتا جبکہ عام طور پر دیکھنے میں آ رہا ہے کہ کچھ لوگ اپنے جمہوری حق کا استعمال کرنے کی خاطر دوسروں کے جمہوری حقوق پر ڈاکہ ڈالنے سے بھی نہیں چوکتے ہیں۔ ریلیوں میں شریک ہونے والے لوگ اکثر بے ٹکٹ سفر کرتے ہیں اور دوسرے ان لوگوں کی اذیت کا سبب بن جاتے ہیں جو باقاعدہ سفر کر رہے ہوتے ہیں۔

بہرحال ریلیوں اور جلسے جلوسوں کے انعقاد کے سلسلہ میں کوئی ضابطہ اخلاق تیار کیا جانا چاہیے تاکہ ریلیوں کے بعد جو حادثات رونما ہوتے ہیں ان کو روکا جا سکے۔ دھتکار ریلی سے واپس ہونے والے لوگوں کے ساتھ جو حادثہ پیش آیا ہے وہ [illegible] سرکاری خزانہ [illegible] کسی کی گئی جان کو واپس نہیں لایا جا سکتا [illegible] اس صورت میں کہ مایاوتی اپنی اس بے حسی [illegible] محسوس کرتے ہوئے وزارت علیا سے مستعفی ہو جانے کا اعلان کر دیں۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہو گیا ہے کہ اس حادثہ نے ان کی حکومت کی اخلاقی صلاحیت پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے۔ (ع.ا)

جواهر القرآن

فوائد: آیات: ۹۱-۹۲ — **علامہ شبیر احمد عثمانیؒ**

ف۔ [illegible]

ف۔ [illegible] حضرت شعیب علیہ السلام [illegible]

ف۔ [illegible]

ف۔ [illegible]

انوار الاحادیث

میری اور تمہاری مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص نے آگ روشن کی اور اس میں پروانے اور کیڑے گرنے لگے، وہ شخص ان پروانوں کو آگ میں گرنے سے روک رہا ہے تاکہ وہ پروانے جل کر مر نہ جائیں اسی طرح میں تمہاری کمر پکڑ پکڑ کر تم کو جہنم کی آگ سے روک رہا ہوں اور تم اس آگ میں گرنے کے لیے میرے ہاتھ سے نکلے جاتے ہو۔ (بخاری شریف)

جموں وکشمیر اسمبلی کے انتخابات

کیا کشمیر اسمبلی معلق ہوگی؟

[illegible]

وزارت علیا کے دعویدار جناب عمر عبداللہ کا انٹرویو

ہمیں اپنی کامیابی کی پوری امید ہے

[illegible]

ملک وملت بچاؤ تحریک کیلئے پنجاب و ہریانہ کی پرجوش تیاریاں

[illegible]

ہم اپنا سب کچھ خاموشی کے ساتھ ظالم حکمرانوں کے حوالے نہیں کر سکتے

صفحہ اوّل کا باقی مضمون

[illegible]

ملک و ملت بچاؤ تحریک

مجیب بستوی

ملک و ملت کو بچاؤ دوستو!
آؤ میرے ساتھ آؤ دوستو!
قوم کو دے کر صداقت کا سبق
کشتیٔ باطل کو ڈباؤ دوستو!
ظلم و استبداد کے طوفان سے
آدمیت کو بچاؤ دوستو!
ملک و ملت کی حفاظت فرض ہے
فرض کو اپنے نبھاؤ دوستو!
دے کے دنیا کو پیام زندگی
موت کا [illegible] دوستو!
دعوت ایثار دینے کے لیے
ہاں قدم آگے بڑھاؤ دوستو!
[illegible] کے تسلط کے لیے
قوم کو اس لائق بناؤ دوستو!
ملک و ملت کی یہ تحریک عظیم
تا دم ہمت چلاؤ دوستو!
قلب میں سب کے دیا اک جلا کر
اور آنکھوں میں بساؤ دوستو!
اسعد مدنی کے پیچھے جھوم کر
[illegible] جمعیۃ [illegible] دوستو!
سامنے لا کر صداقت سے مجیب
صدق کا ڈنکا بجاؤ دوستو!

[illegible]

(باقی صفحہ ۱۱ پر)

عالم اسلام

پاکستان میں سیاسی پارٹیوں کا اتحاد

۱۰۰ پاکستانی بچے وطن واپس

حکمت یار کا جہاد کا اعلان

صدام کی پیداوار

ایران میں زلزلہ کا جھٹکا

ہندستان زندہ باد • جمعیۃ علماء ہند زندہ باد • مدارس و مساجد کیخلاف پروپگنڈہ بند کرو • دلتوں اور مسلمانوں

ہم نے ہر ظلم و ناانصافی کے خلاف ہمیشہ آواز بلند کی ہے

آج کو دیکھ کر کل کا فیصلہ کرو

حوصلہ رکھو

بستی حضرت نظام الدین کی تاریخی کالی مسجد سے ملک و ملت بچاؤ تحریک

ہم نے ہر طرح کے نقصان سے بے نیاز ہو کر

جمعیۃ علماء

عالمی خبریں

سڑکیں صاف کرنے کا کام شروع

آئیوری کوسٹ میں ہنگامہ

ہٹلر کی زندگی پر کتاب

عالمی خبریں

حکومت سری لنکا اور باغیوں کے درمیان مذاکرات

…ہند کردو کے نعروں کے ساتھ ۲؍ اکتوبر ۲۰۰۲ء سے ملک وملت بچاؤ تحریک کا پہلا دور شروع

…ہمارے لئے ہر پارٹی کی حکومت اندھی بہری اور گونگی ہی ثابت ہوئی

…ٹھ کھڑے ہو

ہم زندہ قوم ہیں ہمیں زندگی کا ثبوت دینا ہے

…ہفتہ روانہ کرتے ہوئے امیر الہند حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ کا پرجوش خطاب

تحریک کا دوسرا دن

۳ اکتوبر ۲۰۰۲ء (جمعرات)

تحریک کا تیسرا دن

۴ اکتوبر ۲۰۰۲ء (جمعرات)

ملک و ملت کو بچاؤ دوستو!

محب بستوی

ناظم عمومی جمعیۃ علماء ہند مولانا سید محمود مدنی کا انٹرویو

ملک و ملت بچاؤ تحریک

جمعیۃ علما ہند کا تاریخی فیصلہ

تمہید

ہندستان میں بہت سی مسلم تنظیمیں ہیں، بعض ان میں سے مشہور اور پرانی ہیں اور بہت سی مقامی اور غیر مشہور ہیں، یہ ساری تنظیمیں مسلمانوں کی حالت زار اور فرقہ پرستوں نیز حکومت کی ناانصافی اور مظالم سے پریشان ہیں [illegible] جمعیۃ علماء ہند بھی ہے [illegible] ملک کی آزادی کی قربانی اور جدوجہد میں ہندستانی مسلمانوں کی اور [illegible]

[illegible]

آج پھر جبر و استبداد کی وہی لہر چل پڑی ہے، فرقہ پرستوں اور [illegible]

[illegible]

تحریک

[illegible]

> آج پھر جبر و استبداد کی وہی لہر چل پڑی ہے، فرقہ پرست حکام کا جبر سنا ہے، دور میں سات سمندر پار کے بھوکے بھیڑیوں کی یلغار تھی، آج اپنے ہی ملک کے وطن فروش وطن دشمنوں کی لعنت مسلط ہے، جمعیۃ نے پھر بہادری اور شجاعت کا جھنڈا اٹھا لیا ہے۔

[illegible]

تحریر: ڈاکٹر رشید الوحیدی

[illegible]

ملک و ملت کو بچانے کے لیے اٹھ جایئے

قاری محمد اسحاق

حافظ سجاد نیوزی

[illegible]

(باقی ...)

مدھیہ پردیش میں ملک و ملت بچاؤ تحریک کے سلسلہ میں جمعیۃ علماء ہند کے وفد کا دورہ

[illegible]

مجلس عاملہ جمعیۃ علماء بہرائچ کا اجلاس

[illegible]

جمعیۃ علماء بحار و صحار کھنڈ کی تمام صوبائی و ضلعی عہدیداران، ارکان عاملہ و منتظمہ ضلعی کنوینر و ارکان ایکشن کمیٹی برائے "ملک و ملت بچاؤ تحریک" اور ائمہ مساجد کی خدمت میں

[illegible]

حضرت مولانا سید اسعد مدنی کی قیادت میں "برائے ملک و ملت" اہل حق میدان میں آئیں

[illegible]

ایصال ثواب

[illegible]

انتقال پر ملال

[illegible]

ملک و ملت بچاؤ تحریک میں موضوع

[illegible]

دہلی ائمہ مساجد اور شہریوں کی طرف سے تحریک ملک و ملت بچاؤ کے لیے تعاون کی اپیل

[illegible]

ملک و ملت بچاؤ تحریک میں شامل ہونے کے لیے

دہلی چلو، دہلی چلو

[illegible]

ملک وملت بچاؤ تحریک کے متعلق جمعیۃ علماء ضلع یمنا نگر انبالہ کی میٹنگ

مورخہ ۲۹ ستمبر ۲۰۰۲ء بروز اتوار وقت دس بجے جامعہ بیت العلوم بیگی جزورہ میں ضروری اور اہم میٹنگ منعقد ہوئی ہے۔ جمعیۃ علماء ہند کے صدر محترم امیر الہند حضرت مولانا سید اسعد مدنی دامت برکاتہم کی تحریک ملک وملت بچاؤ تحریک کے متعلق غور وفکر کیا گیا ہے اور حضرت مولانا محمد الیاس صاحب مدظلہ کی صدارت میں حسب ذیل تجاویز منظور کی گئیں۔

۱۔ گجرات کا ندھی نگر مندر پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت

آج کا یہ اجلاس گزشتہ کاروں کی طرف سے گجرات کی راجدھانی گاندھی نگر کے سوامی نارائن مندر پر حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور اسے خالص دہشت گردی کی کاروائی تصور کرتا ہے۔ مرنے والوں کے ورثاء سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے یہ بتانا چاہتا ہے کہ کسی عبادت گاہ پر جہاں لوگ اپنے اپنے مذہب کے مطابق ...

پیدا کریں گے۔ کیونکہ اس طرح کا قانون بنانا ہی درحقیقت قانون شکنی ہے۔ دستور ہند کی رو سے اس ملک میں بسنے والے ہر فرد کو مکمل آزادی حاصل ہے کہ وہ کوئی بھی مذہب قبول کرے، کسی بھی مذہب کی تبلیغ و اشاعت کرے، ادارے اور ... قائم کرے اور اپنے مذہب کے متعلق سے کوئی بھی مناسب طریقہ کار اختیار کرے جو ملک وقوم اور مفاد عامہ کے خلاف نہ ہو اور جس سے امن وامان کو خطرہ لاحق نہ ہو۔ جیسا کہ آئین کی دفعہ ۲۶ سے پتہ چلتا ہے اور بھارت کا آئین نمبر ۳۰ (الف) کے تحت تمام اقلیتوں کو خواہ مذہب کی بنا پر ہوں یا زبان کی بنا پر، اپنی پسند کے تعلیمی ادارے قائم کرنے اور ان کا انتظام کرنے کا حق حاصل ہے۔

اصلیت یہ ہے کہ اس ملک کو آزادی دلانے میں مدارس دینیہ اور علماء کرام نے ہی سب سے زیادہ قربانیاں دی ہیں۔ ...

جمعیۃ علماء ہند کی ملک وملت بچاؤ تحریک کا کیتھل میں عظیم الشان اجلاس عام

بقیہ: انٹرویو مولانا محمود مدنی صفحہ ۔ سے

حکومت عازمین حج کی پریشانیوں کو دور کرے

بقیہ: ہم اپنا سب کچھ ... صفحہ ۵ سے

ہفت روزہ الجمعیۃ نئی دہلی کے قارئین کے لیے اہم خوشخبری

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے ہم نے اپنے قارئین سے ہفت روزہ "الجمعیۃ" کے معیار کو بہتر بنانے کے سلسلہ میں رائے طلب کی تھی۔ الحمدللہ قارئین کرام نے اس پر توجہ فرمائی اور بہت بڑی تعداد میں اپنی قیمتی آراء اور مشوروں سے ہمیں نوازا جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

قارئین حضرات کے بھیجے گئے مشوروں کی روشنی میں ہفت روزہ "الجمعیۃ" کے معیار کو بہتر بنانے اور اسے قارئین کے لیے زیادہ سے زیادہ پرکشش اور مفید بنانے کے لیے مندرجہ ذیل تبدیلیاں کی جارہی ہیں:

(۱) الجمعیۃ کی ضخامت میں چار صفحات کا اضافہ کر کے اس کے صفحات سولہ کیے جارہے ہیں۔

(۲) موجودہ عنوانات کے ساتھ ساتھ تاریخ، مراسلات، کھیل کود، ادبیات، شاعری، گوشۂ خواتین اور دیگر دلچسپ عنوانات کا اضافہ کیا جارہا ہے۔

(۳) پہلا اور آخری صفحہ کم سے کم تین رنگوں میں پیش کیا جائے گا۔

(۴) ان تمام خوبیوں کے ساتھ ہفت روزہ الجمعیۃ کی قیمت تین روپیہ سے بڑھا کر پانچ روپیہ کی جارہی ہے۔

ہفت روزہ الجمعیۃ ان شاء اللہ ان تمام پرکشش اور خوبصورت تبدیلیوں کے ساتھ بہت جلد منظر عام پر آرہا ہے۔

خریداران و ایجنٹ حضرات نوٹ فرمائیں

رابطہ کے لیے: منیجر ہفت روزہ الجمعیۃ، مدنی ہال ۱، بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲

ALJAMIAT (WEEKLY) NEW DELHI
11 - 17 October 2002
R. N. I. NO. - 38985/82
Postal Registration No. - DL - 11052/ 2002
Posting Date - 7/8 Oct. 2002

منظر پس منظر

منصور علی خان کاروار

پرتاپ کی بوکھلاہٹ • جمہوری تحریک • ایک موازنہ

پرتاپ کی بوکھلاہٹ

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جمعیۃ علماء ہند کی "ملک و ملت بچاؤ تحریک" سے بعض انتہا پسند اور مسلم مخالف ہندو عناصر بوکھلا اٹھے ہیں۔ روزنامہ "پرتاپ" نئی دہلی کے ایڈیٹر شری [illegible] بھی ان میں سے ایک ہیں۔ انھوں نے حال ہی میں (۲۲ ستمبر ۲۰۰۲ء) اپنے اخبار کے ایک اداریہ میں دل کی بھڑاس نکالی ہے۔ انھوں نے سنگھ پریوار کے وطیرہ کے عین مطابق سیاسی اور تاریخی واقعات کو توڑ مروڑ کر صدر محترم حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ کے خلاف جو بازاری زبان استعمال کی ہے اس پر کوئی حیرت اس لیے نہیں ہونی چاہیے کہ یہ ان کی تہذیب اور ان کی موروثی زبان کا نمونہ ہے۔ "مسلم لیڈروں کی بلیک میلنگ" کے عنوان سے "پرتاپ" کے ایڈیٹر نے جو کچھ لکھا ہے وہ درحقیقت جواب دینے کے لائق تو کیا سنجیدگی سے پڑھنے کے لائق بھی نہیں ہے۔ [illegible]

جمہوری تحریک

[illegible]

ایک موازنہ

[illegible]

۲ اکتوبر ۲۰۰۲ء سے ملک و ملت بچاؤ تحریک شروع ہو چکی ہے، زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہو کر کامیاب بنائیں۔ جمعیۃ علماء ہند کی اپیل